**ELECTION COMMISSION OF PAKISTAN**

*****

NOTIFICATION

Islamabad, *the 30th March, 2015.*

No.F.6(1)/2014-LGE-KPK (3) :— In exercise of its powers under Article 140A and Article 219 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan read with section 75 of the Khyber Pakhtunkhwa Local Government Act, 2013 and all other powers enabling it in this behalf, Election Commission issues the following **Code of Conduct for Election Observers** which shall be obligatory for all observers, observing Local Government Elections in Khyber Pakhtunkhwa, to follow in letter and spirit.

(1) Observers shall abide by the laws of the Islamic Republic of Pakistan and respect the authority of the Election Commission and its election officials.

(2) Observers shall respect the sovereignty of Pakistan as well as the fundamental rights and freedoms of its people.

(3) Observers shall follow instructions issued from the Election Commission and State authorities including security officials and maintain a respectful attitude towards them.

(4) Observers shall at all times maintain strict political impartiality. They must not exhibit or express any bias in relation to national authorities and institutions, political parties, candidates or in relation to any contentious issues in the election process.

(5) Observers shall not perform any activity that could be perceived as favouring any political party or candidate, such as wearing or displaying any partisan symbols, banners.

(6) Observers must not obstruct any element of the election process, including pre-election processes, voting, counting and tabulation of results.

(7) Observers must always display Accreditation Card provided by the Election Commission or an officer authorized by it and must present it to electoral officials as and when required.

(8) Observers shall ensure that all their observations are impartial, objective and depict the highest standards of accuracy.

(9) Observation Organizations or groups should ensure that only their authorized persons give comment about the election process.

(10) Observer Organizations may record and share their findings, methodology and recommendations with the Election Commission of Pakistan.

(11) Observers shall maintain proper personal behaviour and respect others, including exhibiting sensitivity for the local culture and customs and shall exercise sound judgment in personal interactions and observe the highest level of professional conduct at all times.

(12) All organizations requesting accreditation from the Election Commission of Pakistan shall be responsible for training of their individual observers in electoral laws and procedures of Khyber Pakhtunkhwa, including this Code of Conduct.

(13) International Observers shall comply with advisories that may be issued by the Government or security agencies to ensure their safety during their stay in Pakistan.

(14) If a serious violation is found to have occurred, the observer concerned may have his/her observer accreditation withdrawn. The authority to determine whether any violation has occurred or not rests with the Election Commission of Pakistan.

By Order of Election Commission of Pakistan.

31/03/15

**(Syed Sher Afgan)**
Acting Secretary

ISSUED
1/4/2016

**ELECTION COMMISSION OF PAKISTAN**

*****

NOTIFICATION

Islamabad, *the 30th March, 2015.*

No.F.6(1)/2014-LGE-KPK (4) :— In exercise of its powers under Articles 140A and Article 219 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan read with section 75 of the Khyber Pakhtunkhwa Local Government Act, 2013 and all other powers enabling it in that behalf, Election Commission issues the following **Code of Conduct for Media** which shall be obligatory for all media representatives covering the Local Government Elections in Khyber Pakhtunkhwa, to follow in letter and spirit.

**(1)** No Radio or Television Channel shall broadcast /telecast or print media shall publish anything that adversely affects the public opinion against a particular political party or a candidate.

**(2)** The print and electronic media shall refrain from disseminating any information about a political party or a candidate which is not supported by cogent evidence about any election related activity. Due care shall also be exercised by them to ascertain veracity of any information or news relating to a political party or a candidate before its telecast, broadcast or publishing.

**(3)** The print and electronic media shall broadcast, telecast or publish only authentic election results officially issued by the Presiding Officer, Returning Officer or the Election Commission.

**(4)** Any remarks about personal life of any candidate shall be avoided in print and electronic media.

**(5)** All political parties and candidates shall be provided balanced coverage time on National Radio/TV channels during their election campaign.

**(6)** PEMRA will monitor the coverage given to political parties and candidates for their election campaigns through public/private Radio/TV channels and for that purpose will obtain the transmission certificates, details of payments made by the political parties and candidates and copies thereof shall be forwarded to the Election Commission.

**(7)** The Pakistan Electronic Media Regulatory Authority ("PEMRA") shall ensure the compliance of this Code by each and every Radio/TV channel.

**(8)** Representatives of print and electronic media must obtain Accreditation Card from the Election Commission or its authorized officer for observation of polling process and if a serious violation is found to have been committed, the concerned representative may have his/her accreditation withdrawn. The authority to determine whether any violation has occurred or not rests with the Election Commission of Pakistan.

(9) Representatives of print and electronic media must not obstruct any element of the election process and must display their identification provided by the Election Commission whenever required by the Presiding or Returning Officer.

(10) If a candidate makes an allegation against another candidate, the media as far as possible should seek comment from both sides before publishing or broadcasting/ telecasting such allegation.

(11) Wild allegations and statements which may harm national solidarity or may create law and order situation shall be strictly avoided.

(12) The print and electronic media shall not use language in reporting events which may incite violence on any grounds, including race, sex, language, religion.

By Order of Election Commission of Pakistan

31/03/15

**(Syed Sher Afgan)**
Acting Secretary

ISSUED
1/4/2015

الیکشن کمیشن آف پاکستان

اسلام آباد 30 مارچ 2015

مقامی حکومتوں کے انتخابات

خیبر پختونخوا

## پولنگ ایجنٹس کے لیے ضابطہ اخلاق

## نوٹیفکیشن

نمبر۔(1)F.6(1)/2014-LGE-KPK :۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی شق 140A وشق 219 اور خیبر پختونخوا لوکل گورنمنٹ ایکٹ، 2013ء کی دفعہ 75 کے تحت حاصل شدہ اختیارات اور دیگر تمام حاصل شدہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے الیکشن کمیشن نے صوبہ خیبر پختونخوا میں منعقد ہونے والے مقامی حکومتوں کے انتخابات اور بعد میں آنے والے ضمنی انتخابات کے لیے متعین پولنگ ایجنٹس کے لیے مندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق جاری کیا ہے جس کی پابندی تمام پولنگ ایجنٹس کے لیے لازم ہو گی۔

**(1)** پولنگ اسٹیشن میں داخلے کے لیے ضروری ہے کہ پولنگ ایجنٹ کے پاس اپنے امیدوار یا اس کے الیکشن ایجنٹ کی طرف سے جاری کردہ اختیار نامہ اور اصلی قومی شناختی کارڈ موجود ہو۔ اس کے بغیر پولنگ اسٹیشن میں داخلے کی اجازت نہیں ہو گی۔

**(2)** پولنگ ایجنٹس کو چاہیے کہ وہ پولنگ اسٹیشن میں اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے سے پہلے انتخابی عمل اور متعلقہ قوائد وضوابط کے بارے میں مکمل آگاہی حاصل کر لیں تاکہ انہیں اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے سرانجام دینے میں کوئی دشواری نہ ہو۔

**(3)** پولنگ ایجنٹس پولنگ اسٹیشن کے اندر یا اس کے باہر 400 میٹر کی حدود میں کسی ووٹر کو اپنے امیدوار کے لیے ووٹ ڈالنے کا نہیں کہیں گے۔ ایسا کرنا ایک قابل سزا انتخابی جرم ہے۔

**(4)** پولنگ ایجنٹ کسی ایسے رائے دہندہ پر اعتراض کر سکتا/سکتی ہے جو اس کے خیال میں کسی اور رائے دہندہ کی جگہ ووٹ ڈالنے آیا/آئی ہے یا پہلے سے ووٹ ڈال چکا/چکی ہے۔ پولنگ ایجنٹ کو چاہیے کہ پورا اطمینان کرنے کے بعد ایسے رائے دہندہ کا معاملہ پریزائیڈنگ افسر یا اسسٹنٹ پریزائیڈنگ افسر کے علم میں لائے۔ ہر اعتراض کے لیے پولنگ ایجنٹ مبلغ 50 روپے پریزائیڈنگ افسر کے پاس جمع کرا کے رسید حاصل کر لے۔

(5) پولنگ ایجنٹ کے لیے ضروری ہے کہ وہ صرف ایسے رائے دہندہ پر اعتراض کرے جس کے متعلق اسے پورا یقین ہو کہ وہ اصل رائے دہندہ نہیں ہے۔ بلاوجہ ہر رائے دہندہ پر اعتراض کرنے سے مکمل گریز کریں کیوں کہ اس طرح انتخابی عمل میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے، جس کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

(6) اگر پولنگ ایجنٹ کسی پولنگ اسٹیشن / بوتھ میں کوئی قانونی بے ضابطگی ہوتی دیکھے تو اس پر وہ اعتراض ضرور اٹھائے لیکن پولنگ ایجنٹ کے لیے لازم ہے کہ وہ پریزائیڈنگ افسر کو اپنا اعتراض مہذب اور دھیمے لہجے میں پیش کرے۔

(7) پولنگ ایجنٹس کو معلوم ہونا چاہیے کہ بینائی سے محروم اور دیگر معذور افراد کو قانون اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ وہ اپنی مدد کے لیے ایک ساتھی پولنگ بوتھ کے اندر لے جاسکتے ہیں لہذا ایسی صورت میں اعتراض سے گریز کرنا چاہیے۔

(8) پولنگ ایجنٹ کسی طور پر بھی ایسی صورت حال پیدا نہ کریں جو انتخابی عمل میں رکاوٹ کا باعث بنے یا جس سے پولنگ اسٹیشن پر امن وامان کا مسئلہ پیدا ہو۔

(9) پولنگ ایجنٹس کو چاہیے کہ وہ خواتین رائے دہندگان کا احترام کریں اور کوئی ایسی بات نہ کریں جس سے ان رائے دہندگان کو اپنی رائے کے اظہار میں کسی مشکل کا سامنا کرنا پڑے۔

(10) جب پولنگ افسر کسی رائے دہندہ کا انتخابی فہرست میں نام باآواز بلند پکارے تو پولنگ ایجنٹ کو اسے دھیان سے سننا چاہیے تاکہ وہ اس کی تصدیق اپنی انتخابی فہرست سے کر سکے۔

(11) پولنگ ایجنٹس ووٹوں کی گنتی کے بعد پریزائیڈنگ افسر کی تصدیق شدہ گنتی کے گوشوارہ اور بیلٹ پیپر کے حساب کی نقول ضرور حاصل کریں۔ تاکہ وہ انہیں اپنے امیدوار کو دکھا سکیں۔

(12) پولنگ ایجنٹ کو جانبدارانہ فیصلہ دینے یا بے بنیاد الزامات عائد کرنے سے مکمل گریز کرنا چاہیے۔

(13) پولنگ ایجنٹ کو یہ بات اچھی طرح سے ذہن نشین ہونی چاہیے کہ پولنگ اسٹیشن کو قانون کے مطابق چلانے کی ذمہ دار پریزائیڈنگ افسر کی ہوتی ہے اس لیے اس کے معاملات میں بے جا مداخلت سے مکمل گریز کرنا چاہیے۔

بحکم الیکشن کمیشن

سید شیر افگن

سید شیر افگن

قائم مقام سیکریٹری

ISSUED

1/4/2013

**(7)** انتخابی عملہ اپنے آپ کو کسی سیاسی کارروائی یا انتخابی مہم میں ملوث نہیں کرے گا اور نہ ہی پولنگ اسٹیشن پر اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران اپنی پسند یا ترجیح کا اظہار کرے گا۔

**(8)** انتخابی عملہ پولنگ اسٹیشن میں کسی رائے دہندہ کو کسی امیدوار یا سیاسی جماعت کو ووٹ دینے یا نہ دینے کا مشورہ نہیں دے گا۔

**(9)** انتخابی عملہ کسی سیاسی جماعت یا امیدوار کا نشان نہیں پہنے گا۔

**(10)** انتخابی عملہ رائے دہندگان کے حقوق کی حفاظت کرے گا اور اس بات کا اہتمام کرے گا کہ خفیہ رائے دہی کے اصول کی کسی صورت میں خلاف ورزی نہ ہو۔

**(11)** پریذائیڈنگ افسر پولنگ اسٹیشن پر پیش آنے والے مسائل کو فوری طور پر حل کر کے انتخابی عمل کو بلاتعطل جاری رکھنے کو یقینی بنائے گا۔

**(12)** پریذائیڈنگ افسر اس بات کا خصوصی اہتمام کرے گا/گی کہ ضعیف العمر یا بیمار رائے دہندگان اور حاملہ خواتین بغیر کسی انتظار کے اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکیں۔ انہیں رائے دہندگان کی قطار میں سب سے آگے کھڑا کیا جائے گا۔

**(13)** پریذائیڈنگ افسر اور دیگر انتخابی عملہ اس بات کا خاص خیال رکھیں گے کہ بینائی سے محروم اور دیگر معذور رائے دہندگان بغیر کسی رکاوٹ یا پریشانی کے اپنا ووٹ ڈال سکیں۔ انہیں قانون کے مطابق اپنی مرضی کا مددگار رکھنے کی سہولت مہیا کی جائے گی۔

**(14)** پریذائیڈنگ افسر کسی امیدوار کو پولنگ اسٹیشن کے اندر یا پولنگ اسٹیشن سے باہر 200 میٹر کی حدود میں انتخابی مہم نہیں چلانے دے گا۔

**(15)** پریذائیڈنگ افسر ایسے انتخابی مبصرین اور ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کو پولنگ اسٹیشن کے اندر آنے کی اجازت دے گا جن کے پاس الیکشن کمیشن یا کسی دیگر مجاز افسر کا اجازت نامہ ہو۔ تاہم ایسے افراد کو انتخابی عمل میں مداخلت کرنے یا ووٹنگ اسکرین تک جانے کی اجازت نہیں ہو گی۔

بحکم الیکشن کمیشن

سید شیر افگن

قائم مقام سیکریٹری

ISSUED 1/4/2015

الیکشن کمیشن آف پاکستان

اسلام آباد 30 مارچ 2015

مقامی حکومتوں کے انتخابات

خیبر پختونخوا

# انتخابی عملے کے لیے ضابطہ اخلاق

## نوٹیفکیشن

نمبر۔F.6(1)/2014-LGE-KPK :۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی شق 140A وشق 219 اور خیبر پختونخوا لوکل گورنمنٹ ایکٹ، 2013ء کی دفعہ 75 کے تحت حاصل شدہ اختیارات اور دیگر تمام حاصل شدہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے الیکشن کمیشن نے صوبہ خیبر پختونخوا میں منعقد ہونے والے مقامی حکومتوں کے انتخابات اور بعد میں آنے والے ضمنی انتخابات کے لیے متعین انتخابی عملے کے لیے مندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق جاری کیا ہے جس کی پابندی متعلقہ افسران اور عملے کے لیے لازم ہو گی۔

**(1)** پریذائیڈنگ افسر صرف ضلعی ریٹرننگ افسر اور ریٹرننگ افسر کی طرف سے موصولہ ہدایات پر عمل کرے گا اور جہاں ضروری ہو گا الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ ہینڈ بک سے رہنمائی حاصل کرے گا۔

**(2)** اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران اور پولنگ افسران پولنگ والے دن پریذائیڈنگ افسران کی ہدایات پر عمل کو یقینی بنائیں گے۔

**(3)** انتخابی عملہ پولنگ والے دن وقت کی پابندی کا خیال رکھے گا اور جب تک پولنگ اسٹیشن پر تمام کارروائی مکمل نہ ہو جائے وہاں موجود رہے گا۔

**(4)** اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران اور پولنگ افسران پولنگ اسٹیشن کھولنے اور بند کرنے اور انتخابی سامان کی ترسیل میں پریذائیڈنگ افسر کی مدد کریں گے۔

**(5)** اگر کسی وقت انتخابی عملے کا کوئی رکن کسی وجہ سے اپنے فرائض انجام دینے سے قاصر ہو تو وہ فوراً اپنے پریذائیڈنگ افسر کو اطلاع دے گا/گی جو فوری طور پر اس بارے میں اپنے ریٹرننگ افسر کو مطلع کرے گا/گی۔

**(6)** انتخابی عملہ اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں مکمل غیر جانب داری سے نبھائے گا اور تمام رائے دہندگان، سیاسی جماعتوں، امیدواروں اور ان کے ایجنٹوں، ذرائع ابلاغ کے نمائندوں اور مبصرین کے ساتھ کسی قسم کا تعصب روا نہیں رکھے گا۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان

اسلام آباد 30 مارچ 2015

مقامی حکومتوں کے انتخابات

خیبر پختونخوا

# حفاظتی عملے کے لیے ضابطہ اخلاق

## نوٹیفکیشن

نمبر۔(2) F.6(1)/2014-LGE-KPK :- اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی شق 140A و شق 219 اور خیبر پختونخوا لوکل گورنمنٹ ایکٹ، 2013ء کی دفعہ 75 کے تحت حاصل شدہ اختیارات اور دیگر تمام حاصل شدہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے الیکشن کمیشن نے صوبہ خیبر پختونخوا میں منعقد ہونے والے مقامی حکومتوں کے انتخابات اور بعد میں آنے والے ضمنی انتخابات کے لیے متعین حفاظتی عملے کے لیے مندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق جاری کیا ہے جس کی پابندی متعلقہ افسران اور عملے کے لیے لازم ہو گی۔

**(1)** قانون نافذ کرنے والے اداروں کے وہ ملازمین جنہیں انتخابات کے متعلق کوئی ذمہ داری سونپی گئی ہو وہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر، ریٹرننگ افسران اور دیگر انتخابی افسران سے مکمل تعاون کریں گے اور ان سے مسلسل رابطے میں رہیں گے۔

**(2)** تمام قانون نافذ کرنے والے ادارے انتخابات کے دوران مکمل طور پر غیر جانبدار رہیں گے۔ وہ نہ تو کوئی ایسا کام کریں گے اور نہ ہی کوئی ایسا قدم اٹھائیں گے جس سے کسی امیدوار یا سیاسی جماعت کی حمایت یا مخالفت کا شائبہ تک ہو۔

**(3)** پولنگ والے دن حفاظتی عملے کے اراکین ریٹرننگ افسران اور پریزائیڈنگ افسران کے تمام قانونی احکامات پر مکمل عمل درآمد کے ذمہ دار ہوں گے۔

**(4)** پولنگ والے دن پولنگ اسٹیشن پر متعین حفاظتی عملہ کے ارکان پولنگ اسٹیشن کے باہر رہیں گے یا جہاں متعلقہ پریزائیڈنگ افسر انہیں تعینات کریں وہاں موجود رہیں گے وہ کسی صورت میں بھی پریزائیڈنگ افسر کی اجازت اور حکم کے بغیر پولنگ اسٹیشن کے اندر داخل نہیں ہوں گے۔

(5) پولنگ اسٹیشن میں کسی قسم کے جھگڑے یا ہنگامہ آرائی کی صورت میں پریزائیڈنگ افسر کے طلب کرنے پر حفاظتی عملے کے ارکان امن وامان کی بحالی کو یقینی بنانے کے لیے پریزائیڈنگ افسر کی ہر ممکن مدد کریں گے۔

(6) پولنگ اسٹیشن کے باہر متعین حفاظتی عملہ رائے دہندگان کو ہر ممکن سہولت مہیا کرے گا اور انہیں منظم طور پر قطاروں میں رکھنے کا اہتمام کرے گا۔

(7) حفاظتی عملہ رائے دہندگان سے خوش اخلاقی سے پیش آئے گا اور کوئی ایسا کام یا ایسی حرکت نہیں کرے گا جس سے پولنگ اسٹیشن پر آنے والے رائے دہندگان کو عدم تحفظ کا احساس ہو۔

(8) پولنگ اسٹیشن کے باہر متعین حفاظتی عملہ اس بات کا اہتمام کرے گا کہ بینائی سے محروم افراد اور دیگر معذور افراد کو زیادہ انتظار نہ کرنا پڑے۔ انہیں پولنگ اسٹیشن کے اندر ترجیحی طور پر جانے میں حفاظتی عملہ ان کی مدد کرے گا۔

(9) ضعیف العمر اور بیمار رائے دہندگان اور حاملہ خواتین کو پولنگ اسٹیشن کے باہر قطار میں سب سے آگے کھڑا کیا جائے گا تاکہ انہیں زیادہ انتظار نہ کرنا پڑے۔

(10) پولنگ اسٹیشن پر متعین حفاظتی عملہ کسی رائے دہندہ کو کسی امیدوار یا سیاسی جماعت کو ووٹ دینے یا نہ دینے کا مشورہ نہیں دے گا۔

(11) پولنگ اسٹیشن کے باہر اور قرب وجوار میں امن وامان برقرار رکھنا اور خوشگوار ماحول مہیا کرنا حفاظتی عملے کی ذمہ داری ہے۔ ایسا اس لیے ضروری ہے تاکہ رائے دہندگان اپنی رائے کا اظہار بلاخوف کر سکیں۔

(12) امن وامان کے یقینی قیام کے لیے ضروری ہے کہ حفاظتی عملہ اپنے فرائض مکمل دیانت داری اور غیر جانب داری سے سرانجام دے اور کسی امیدوار یا سیاسی جماعت سے کسی قسم کا تعصب نہ برتے۔

(13) جہاں حفاظتی عملہ الیکشن کے سامان یا عملہ کی حفاظت پر مامور ہو وہاں وہ اپنی ذمہ داریاں پوری احتیاط اور دیانت داری سے ادا کرے گا۔

(14) حفاظتی عملہ پولنگ اسٹیشن کے باہر ایسا طرز عمل اختیار کریگا جس سے خواتین رائے دہندگان کو مکمل تحفظ کا احساس ہو تاکہ وہ بلاخوف وخطر اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکیں۔

(15) حفاظتی عملہ اپنی ذمہ داریاں قانون اور ضابطے کی حدود میں رہتے ہوئے ادا کرے گا اور اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرے گا جس سے امیدواروں اور رائے دہندگان کے انتخابی عمل پر اعتماد میں اضافہ ہو۔

بحکم الیکشن کمیشن

سید شیر افگن

قائم مقام سیکریٹری

ISSUED
1/4/2015